"وطن سے محبت ایمان کی علامت" کیا یہ حدیث ہے؟

فتوی نمبر:WAT-823

تاریخ اجراء:19شوال المکرم1443ھ/21مئی2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اپنے وطن سے محبت ایمان کی علامت ہے، یہ جملہ بولنا کیسا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اپنے وطن اور جائے اقامت سے محبت اور انسیت فطری تقاضا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ سے محبت فرماتے تھے، لیکن وطن کی محبت کا ایمان کی علامت ہونا، کسی مستند روایت سے ثابت نہیں، اور نہ ہی اس طرح کی کوئی حدیث حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے ثابت ہے، لہذا مطلقاتو یہ جملہ کہنا غلط ہے، اور اسے بطور حدیث آگے بیان کرنا درست نہیں۔ البتہ ایک معنی میں وطن کی محبت کو ایمان کی علامت قرار دینا درست ہے، وہ یہ ہے کہ وطن سے مراد جنت یا مدینہ منورہ لیا جائے۔ چنانچہ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ ارشاد فرماتے ہیں: صوفیاء جو فرماتے ہیں کہ حب الوطن من الایمان، یعنی وطن کی محبت ایمان کا رکن ہے، وہاں وطن سے مراد جنت ہے، یعنی اصلی وطن یا مدینہ منورہ کہ وہ مؤمن کا روحانی وطن ہے۔(مراۃ المناجیح، جلد2، صفحہ438، مطبوعہ نعیمی کتب خانہ، گجرات)

فتاوی رضویہ میں اس طرح کے ایک سوال کے جواب میں سیدی اعلی حضرت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "حب الوطن من الایمان (وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے) نہ حدیث سے ثابت نہ ہرگز اس کے یہ معنی ، امام بدرالدین زرکشی نے اپنے جزاور امام شمس الدین سخاوی نے مقاصد حسنہ اور امام خاتم الحفاظ جلال الدین سیوطی نے الدرالمنتشرہ میں بالاتفاق اس روایت کو فرمایا: "لم اقف علیہ" (میں اس سے آگاہ نہیں ہوسکا)۔ اللہ عزوجل نے قرآن عظیم میں اپنے بندوں کی کمال مدح فرمائی جو اللہ ورسول جل وعلاو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت میں اپنا وطن چھوڑیں، یار و دیار سے منہ موڑیں اور ان کی سخت مذمت فرمائی جو حب وطن لئے بیٹھے رہے اور اللہ ورسول کی طرف مہاجر نہ ہوئے۔ وہ وطن جس کی محبت ایمان سے ہے وطن اصلی ہے جہاں سے آدمی آیا اور جہاں

جاتا ہے۔" (ملخص از فتاوی رضویہ، ج15، ص296.297، لاہور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابوالحسن ذاکر حسین عطاری مدنی

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net